Roll No..........................

# MAUL-202

**Tarjuma Nigari Aur Ablaghiyat**

**(ترجمہ نگاری اور ابلاغیات)**

Master of Arts (MA-12/16) URDU

Second Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 80**

ہدایت:- یہ پرچہ تین حصوں الف، ب، اور ج پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے سوالات کے جواب متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

(حصہ الف)

مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تحریر کیجیئے۔ ہر سوال ۱۵ نمبر کا ہے

۳۸=۱۹×۲

P.T.O.



سوال۱۔ ذیل کے کسی اقتباس کا ترجمہ اردو سے ہندی یا انگریزی سے اردو میں کیجئے:

"عورتوں کی تعلیم پر زور دینا ہم سب کا اولین فرض ہے۔ بچوں کے شاندار مستقبل کا انحصار ماں کی تعلیم پر ہوتا ہے۔ اگر ماں تعلیم یافتہ ہے تو آئندہ نسلیں قوم کے لئے قابل فخر بن سکتی ہیں۔ بچہ کی پہلی درسگاہ ماں کی گود ہوتی ہے۔ دنیا کی جو ممتاز ہستیاں گزری ہیں ان کی نگہداشت اور تعلیم وتربیت میں ان کی ماؤں کا زیادہ ہاتھ رہا ہے۔ عورت کے کئی روپ ہیں۔ وہ ماں ، بہن ، بیوی کی حیثیت سے مختلف اہم ذمہ

داریاں سنبھالتی ہے۔ اس لئے بھی عورت کا زیور علم سے آراستہ ہونا ضروری ہے۔ تعلیم یافتہ عورت کم آمدنی میں اپنے گھر کے اخراجات بحسن وخوبی پورا کرسکتی ہے۔ تعلیم عورت کا سہارا بنتی ہے۔ اگر کبھی مصیبت آجائے تو اس تعلیم کے سہارے عورت اپنے پیروں پر آسانی سے کھڑی ہوسکتی ہے اور مصائب وتکالیف سے چھٹکارا پاسکتی ہے۔ وہ سیاست میں حصہ لے کر ملک کی سیاسی خدمت بھی کرسکتی ہے۔ تعلیم ہمارے خیالات کو وسعت دیتی ہے، تنگ نظری اور تعصب کو دور کرتی ہے۔''





یا

''No super human brain is required to avoid the various foolish opinions that many of us hold. A few simple rules will keep you away, not from all errors but from silly errors. If the matter is one which can be 'settled by observation' make the observation yourself. Aristotle could have avoided the mistake of thinking that women have fewer teeth than men, by a simple method of counting the teeth of Mrs. Aristotle. Thinking that you know, when in fact you do not know, is a lead mistake, to which many of us are prone.''

وال۲۔ ذرائع ابلاغ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اہم ذرائع ابلاغ کا تعارف پیش کیجئے۔

سوال۳۔ اردو میں علمی وفنی تراجم کی روایت،اہمیت اور مسائل بیان کیجئے۔

سوال۴۔ صحافت کے اصولوں پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

(حصہ ب)

مندرجہ ذیل میں سے صرف چار سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر جواب ۸ نمبر کا ہے۔

۳۲=۸×۴

سوال۱۔ ابلاغ عامہ کے سماجی اثرات بیان کیجئے۔

سوال۲۔ اردو کے تین اہم اخبارات کا تعارف پیش کیجئے۔

سوال۳۔ لفظی ترجمہ کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

سوال۴۔ برقیاتی ڈاک سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟





سوال۵۔ اردو کی جرائدی صحافت کے ارتقاء کا سرسری جائزہ لیجئے۔

سوال۶۔ دہلی ورناکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

سوال۷۔ اردو میں ترجمے کے فن سے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

سوال۸۔ انٹرنیٹ کی ماہیت، افادیت اور اہمیت بیان کیجئے۔

(حصہ ج)

مندرجہ ذیل سبھی دس معروضی سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے لئے ایک نمبر مختص ہے۔ صحیح جواب تحریر کیجئے۔

۱۰=۱×۱۰

سوال۱۔ جس زبان سے ترجمہ کرتے ہیں اسے کہتے ہیں:

(۱) Source Language

(۲) Target Language

(۳) Basic Language

(۴) Multi Language

سوال۲۔ ٹیلی ویژن کی ایجاد کس نے کی؟

(۱) گراہم بیل

(۲) جے ایل بیرڈ

(۳) جانسن

(۴) ٹامس ایڈیشن

سوال۳۔ ترسیل کی کتنی قسمیں ہیں؟

(۱) ایک

(۲) تین

(۳) چار

(۴) دو





سوال۴۔ ''اردوئے معلیٰ'' نام کا اخبار کس نے جاری کیا تھا؟

(۱) سرسید احمد خاں

(۲) حسرت موہانی

(۳) محمد علی جوہر

(۴) ابوالکلام آزاد

سوال۵۔ شیکسپیر کے ڈراموں کا اردو منظوم ترجمہ بالخصوص کس ڈراما نگار نے کیا؟

(۱) آغا حشر کاشمیری

(۲) امانت لکھنوی

(۳) امتیاز علی تاج

(۴) احسن لکھنوی

سوال۶۔ ''زبر'' کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(ا) اوپر

(۲) نیچے

(۳) دائیں

(۴) بائیں

سوال۷۔ نظم طباطبائی نے کس انگریزی شاعر کی نظم کا ترجمہ ''گورغریباں'' کے نام سے کیا؟

(ا) ایلیٹ

(۲) کیٹس

(۳) ٹامس گرے

(۴) پی۔بی۔شیلی

سوال۸۔اردو میں ترجمہ نگاری کا عمل سب سے پہلے کس ادارے میں شروع ہوا؟

(ا) دہلی کالج

(۲) فورٹ ولیم کالج

(۳) انجمن پنجاب

(۴) سائنٹی فک سوسائٹی





سوال۹۔ ذیل میں کون سا الکٹرانک میڈیا کے زمرے میں شامل نہیں ہے؟

(ا) کمپیوٹر

(۲) ٹیلی فون

(۳) اخبار

(۴) ٹیلی ویژن

سوال۱۰۔ ''وضع اصطلاحات'' کے مصنف کون ہیں؟

(ا) وحیدالدین سلیم

(۲) سرسیداحمدخاں

(۳) مولوی ذکاءاللہ

(۴) ماسٹررام چندر